نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وفاقی حکومت کی طرف سے کھاد پر سبسڈی ختم کرنے کا فوری طور پر اثر کسان پر نہیں پڑے گا: وزیر زراعت پنجاب

پنجاب بھر میں کھاد کا بڑا اسٹاک موجود ہے اور پہلے سے موجود سٹاک پر کھاد ڈیلرز رعایتی نرخوں پر کھاد دینے کے پابند ہیں

لاہور: **11 جنوری 2017** (   ) وزیر زراعت پنجاب نعیم اختر خان بھابھہ نے کھادوں پر سبسڈی کے خاتمے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے محکمانہ افسران کی ہنگامی میٹنگ منعقد کی جس میں وزیر زراعت کو بتایا گیا کہ کھادوں کی دستیابی، قیمتیں اور پنجاب کی طرف بروقت ادائیگی اور مربوط مانیٹرنگ نظام کی وجہ سے صورتحال تسلی بخش ہے اس لیے وفاقی حکومت کی طرف سے کھاد پر سبسڈی ختم کرنے کا فوری طور پر اثر کسان پر نہیں پڑے گا۔وزیر زراعت کو بریفنگ کے دوران یہ بھی بتایا گیا کہ یوریا اور ڈی اے پی کا ایسا بڑا ذخیرہ موجود ہے جس پر سبسڈی ادا کی گئی ہے اور سٹاک کھاد کی ہر بوری پر سبسڈائزڈ قیمت درج ہے لہٰذا کھاد ڈیلرز یہ کھاد سبسڈی کے تحت ہی فروخت کرنے کے پابند ہیں۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نعیم اختر خان بھابھہ نے کہا کہ محکمہ زراعت کے افسران سبسڈائزڈ (رعایتی) نرخوں پر کھاد کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور میں بھی پنجاب بھر میں کھاد کی رعایتی نرخوں پر فراہمی کی نگرانی کروں گا۔وزیر زراعت نعیم اختر خان بھابھہ نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر اس سبسڈی کو جلد دوبارہ بحال کرانے کی کوشش کی جائے گی لیکن اس دوران منافع خوروں کو کھادوں کی قیمتوں میں بے جا اضافہ کا کوئی موقع نہیں دیا جائے گا اور جو ڈیلر اس حوالے سے پنجاب حکومت کی ہدایت پر نہیں چلے گا اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆